۷۔ ہم پہلے دنیا کے متعلق غلط اندازے لگاتے ہیں اور بعد میں مایوس ہو کر کہتے ہیں کہ دنیا نے ہمیں دھوکا دیا۔

۸۔ حد سے زیادہ تمنائیں انسان کو اندھا کر دیتی ہیں۔

۹۔ ہاتھ پر چاند لکھ کر روشنی پانے کی امید نہ رکھو۔

CS CamScanner

انٹرنیٹ سیکیورٹی کے جدید طریقہ کار

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ انٹرنیٹ کی بدولت ہماری دنیا سمٹ کر گلوبل ولیج (Global Village) بن گئی ہے اور ٹیبلٹ اسمارٹ فون اور لیپ ٹاپ کے بڑھتے ہوئے استعمال نے انٹرنیٹ کی سہولت کے استعمال کرنا گزیر بنا دیا ہے اور روز بروز اس کے استعمال میں دن دوگنا اور رات چوگنا اضافہ ہو رہا ہے اور روزانہ لاکھوں نت نئی ویب سائٹ اور سیکڑوں مختلف سروسز سامنے آ رہی ہیں جس کی وجہ سے ان سروسز کو استعمال کرنے والوں کی ڈیٹا پرائیوسی Data Privacy بھی ان سروسز مہیا کرنے والوں کے لئے کسی چیلنج سے کم نہیں لہٰذا لوگوں کے اکاؤنٹ کو محفوظ بنانے کیلئے نت نئے طریقے سامنے آ رہے ہیں جن میں سے گزشتہ چند برسوں میں سامنے آنے والے کچھ نئے طریقوں کا جائزہ لیتے ہیں

پاس ورڈ کا طریقہ:(Password Protection)

یہ طریقہ ابتدائی طریقوں میں سے ایک ہے اور اب پرانا ہو چکا ہے اور ہیکنگ کے نئے طریقوں کی وجہ سے اپنی افادیت کھو چکا ہے۔ اس طریقے میں اکاؤنٹ میں داخل ہونے کیلئے اپنا شناختی کارڈ اور پاس ورڈ Password ڈالنا پڑتا ہے۔ جس کے بعد User اپنے اکاؤنٹ میں داخل ہو جاتا ہے۔ مگر اس طریقہ کار کا تاریک پہلو یہ ہے کہ یوزر کو اپنا پاس ورڈ مکمل درست شکل میں یاد رکھنا پڑتا ہے اور غلطی کی صورت میں ایک لمبے طریقے جار سے گزر کر اپنا پاس ورڈ تبدیل کرنا پڑتا ہے جس کے بعد اس کی کار میں پاس ورڈ ہیک ہونے یا چوری ہونے کا بھی کوئی امکان موجود ہے اور اس طرح یوزر کو اپنے اکاؤنٹ سے ہاتھ دھونا پڑتے ہیں۔ اس صورتحال کے ذریعے تصدیق کی جاتی ہے متصاوف کرایا گیا ہے۔ متبادل اکاؤنٹ یا موبائل نمبر کے ذریعہ تصدیق Cross Account / Device Verfication اب اگر کوئی اپنا اکاؤنٹ کسی سروس کے استعمال کیلئے بناتا ہے تو اس سے اس کا موجودہ موبائل نمبر اور اس ای میل E-mail ایڈریس پوچھا جاتا ہے اور اس کو اکاؤنٹ کی تفصیلات میں محفوظ کر لیا جاتا ہے لہٰذا اب یوزر User کو اپنا پاس روڈ یاد رکھنے کی گزورت لیس کیونکہ جب بھی وہ اپنے اکاؤنٹ میں داخل ہوتا ہے تو اس کی یوزر آئی ڈی User ID کے بعد اس کا ای میل ایڈریس E-mail Address یا سیل نمبر Cell No. مانگا جاتا ہے اور اس کی تصدیق کے بعد اس میں مخصوص کوڈ بھیجا جاتا ہے اس کوڈ کو آپ SMS سے پڑھ سکتے ہیں اور فون کالز سے سن بھی سکتے ہیں جس کے بعد پاس ورڈ Password کی جگہ اس کوڈ کو ڈالنا پڑتا ہے جس کی تصدیق کے بعد یوزر (user) اپنے اکاؤنٹ تک رسائی حاصل کر لیتا ہے اور اس کو لیک یا چوری کرنا اتنا آسان نہیں ہوتا اور اس طرح اسکے علاوہ دوسرے نئے طریقہ کار میں بائیومیٹرک سے تصدیق کا طریقہ Biometric Method یہ طریقہ کار عام طور پر حکومتی ادارے، بینک اور موبائل کمپنیاں اپنے یوزر کے اکاؤنٹ تک رسائی کیلئے یوزر تھمب ریڈر Tumb Reader پر اپنا انگوٹھا رکھتا ہے اور نشانات کی تصدیق ہوتے ہی یوزر User اکاؤنٹ کی تمام تفصیلات سے استعمال کر سکتا ہے۔ چونکہ قدرت نے سب کو منفرد انگوٹھے کے نشانات عطا کئے ہیں لہٰذا کسی دوسرے کے لئے اس اکاؤنٹ تک رسائی ممکن نہیں۔ اس طریقہ کار کے ذریعے اب آپ بغیر پن کوڈ Pin Code یا پاس ورڈ کے پیسے بھی نکال سکتے ہیں اور آپکو ATM کارڈ کی ضرورت نہیں رہتی۔

QR کوڈ اور بار کوڈ کا طریقہ QR Code and Bar Code Method

اس طریقہ کار کو عام پر تجارتی مقاصد کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ جس میں QR کوڈ کے ذریعے اشتہارات یا بزنس کارڈ کی تفصیلات پڑھوائی جاتی ہیں اور بار کوڈ کو مختلف پراڈکٹ Product کے اوپر درج کیا جاتا ہے جس سے اس پراڈکٹ کے بارے میں ضروری تفصیلات پڑھوائی جاتی ہیں۔ جس میں اس پراڈکٹ کی برانڈ کا نام، قیمت وغیرہ شامل ہوتی ہے اور کسی دوکاندار کو اب قیمت وغیرہ یاد رکھنے کی ضرورت نہیں رہتی اسکے علاوہ QR کوڈ کے ذریعے آپ کمپیوٹر میں اپنے اکاؤنٹ میں داخل ہونے کیلئے اپنے موبائل سے اسکرین پر موجود QR کوڈ پڑھواتے ہیں اور تصدیق ہونے کے بعد آپ کمپیوٹر میں اپنے اکاؤنٹ تک رسائی حاصل کر لیتے ہیں، مزید حساس معلومات تک رسائی کیلئے ایک اور نیا طریقہ کار سامنے آیا ہے جو عام طور پر حساس ادارے یا بینک وغیرہ اپنی معلومات تک رسائی کیلئے استعمال کرتے ہیں اس میں (One Time Password) OTP اور ٹرانسکشن پاس ورڈ وغیرہ کا طریقہ شامل ہے

OTP and Transaction Password

OTP کے طریقہ کار میں جب آپ اپنے اکاؤنٹ میں داخل ہونے کیلئے یوزر آئی ڈی (user ID) ڈالتے ہیں تو فوراً آپکے رجسٹر موبائل نمبر پر ایک وقتی پاس ورڈ جسے One Time Password کہتے ہیں آتا ہے جس کے ذریعے آپ اپنے اکاؤنٹ تک رسائی حاصل کر لیتے ہیں اس کے بعد یہ پاس ورڈ کارآمد نہیں رہتا اپنے کریڈٹ کارڈ سے آن لائن شاپنگ کیلئے یہ ہی طریقہ کار استعمال کیا جاتا ہے اسکے علاوہ اپنے آن لائن بینک اکاؤنٹ سے ٹرانسکشن کرنے کیلئے آپ کو علیحدہ سے ٹرانسکشن پاس ورڈ ڈالنا پڑتا ہے۔

مندرجہ بالا طریقہ کار اب تک انتہائی کامیابی سے استعمال کیے جا رہے ہیں اور بہت کارآمد ہیں مگر ٹیکنالوجی کی تیز رفتار ترقی کے ساتھ ساتھ ہیکنگ کے بھی طریقے سامنے آ رہے ہیں جس سے اس بات کا خدشہ موجود ہے کہ یہ طریقہ کار بھی اپنی افادیت کھو دینگے لہٰذا انٹرنیٹ سروس فراہم کرنے والی کمپنیاں بھی نئے اور زیادہ جدید طریقہ کار ڈھونڈنے میں مصروف ہیں تاکہ مستقبل میں اکاؤنٹ پرائیویسی Account Pricvacy کو مزید محفوظ بنایا جا سکے۔

آفاق عزیز
لیکچرار کمپیوٹر سائنس
فضائیہ انٹر کالج کورنگی کریک

CamScanner

اچھی باتیں

- صبح دیر تک سونا رزق میں تنگی لاتا ہے
- تمہاری تندرستی کو بیماری آنے سے پہلے غنیمت سمجھو۔
- جس عورت کا خرچ کم ہو وہ سب سے زیادہ مبارک ہے۔
- مظلوم کی بددعا سے ڈرو کیونکہ اس کی بددعا شعلہ کی طرح آسمان پر جاتی ہے
- کنجوس سے بُرا مرض کوئی نہیں۔
- مرد کا بہترین خزانہ پاک دامن بیوی ہے
- غصہ عقل کو کھا جاتا ہے۔
- فکر عمر کو کھا جاتی ہے۔
- جس شخص میں امانتداری نہیں اُس میں ایمان نہیں۔
- دنیا ایک بینک ہے تم کو اس میں وہی چیز ملے گی جو تم نے جمع کی ہے۔
- موت سے پہلے اس کی خواہش کرنا گناہ ہے۔

حرا ندیم
(باڑہ مارکیٹ)

CamScanner

بزمِ ادب کی تصویری جھلکیاں







CamScanner



CamScanner

SPORTS AND SPORTSMANSHIP

Ramlah Aziz
Class 7th

Sport is an incredibly exciting and fantastic way to cop-up all the weaknesses present inside us. The question is that why sport is so important to us?

It is important as it does its job as an exercise does. However, the difference is that sport is very enjoyable and interesting. Sports make us fit. Seriously, the weakest person can be healthy just by an exercise and sport!!! Believe me, nothing can beat them.

Different sport are played in different countries, like Pakistan's national sport is Hockey, Saudi Arabia's national sport is Football.

It also given us the sport to adopt patience and make us strong-minded. Thus, these sprits which we gain by the sports are called sportsmanship. We have to make this stronger by spending maximum time in sports. Moreover, remember, other activities like studying is also very important.

NOT MUCH OF A MAN

Not much of a man
When you childish thinking
Chucks verbal stones at her as if
She's a wall

Not much of a man
when you're the media to her
mistakes reporting om each
action to all

Not much of a man
when you needs transform her
to an intern on call

Not much of a man
Not much of a man at all !

Not much of a man
When you tailored sarcasm
dresses her as she stand tall

Not much of a man
when you minds is in gutter
and you treat her like as erotic doll

Not much of a man
when you don't worship those
hands, heart , and soul that hold
you when you fall

Muneeba Shakeel Zakai D/o.
M. Shakeel Ahmed Zakai

چھوٹا سا عمل کسی کی زندگی بدل دیتا ہے۔

ایک چھوٹا سا عمل زندگی میں بہت بڑی تبدیلی کا باعث بن سکتا ہے۔ ایک دفعہ ایک مل کے مالک کو جو بہت غصے والا اور مغرور مشہور تھا۔ وہ کم گو تھا۔ جب بھی بات کرتا یا تو ڈانٹ پلاتے کے لیے یا پھر ضروری معلومات مہیا کرنے کے لیے۔ سب مزدور اس سے بات کرتے گھبراتے۔ ایک نیا مزدور مل میں آیا۔ اس نے جب مالک کے بارے میں باتیں سنی تو اس سے نہ رہا گیا۔ اس نے اپنے ساتھیوں سے کہا ہمیں مالک سے دوری نہیں بنا کر رکھنی چاہیے، ممکن ہے کہ اس کی طبیعت میں ہنسی مذاق شامل نہ ہو۔ اس مزدور کو بیٹے کی سالگرہ تھی۔ اس مزدور نے اپنے بیٹے کی سالگرہ پر مالک کو بھی بلایا، وہ نہیں آیا دوسرے دن مزدور نے مالک کے پاس آ کر بہت خوش اخلاقی سے کہا سر آپ کل میرے بچے کی سالگرہ پر نہیں آئے۔ میں آپ کے لیے کچھ لایا ہوں۔ کیا میں آپ کو وہ دے سکتا ہوں۔ مالک نے سنجیدگی سے اس مزدور کو دیکھا اور بولا۔ مجھے کسی چیز کی ضرورت نہیں۔ اگر تمہیں کچھ چاہیے تو بولو۔ مزدور نے مالک کی طرف مسکرا کر دیکھا اور بولا آہ اگر آپ ویسا کریں جیسا میں چاہتا ہوں تو یہ ہی میرے بیٹے کی سالگرہ کا تحفہ ہوگا۔ مالک کو حیرت ہوئی۔ اس نے مزدور سے پوچھا۔ تم مجھے کیا دینا چاہتے ہو اور مجھ سے کیا کروانا چاہتے ہو۔ مزدور دو سفید رنگ کے ربن نکال کر مالک کو دیکھا۔ مالک نے پوچھا یہ کیا ہیں۔ مزدور نے کہا یہ مجھے کبھی کسی نے دیے تھے، جب میں دوسروں سے دور دور رہتا تھا۔ دینے والے نے کہا تھا۔ یہ ایک تمہارے لیے ہے۔ کیونکہ تم ایسے انسان ہو جو میری زندگی میں بہت اہمیت رکھتے ہو یہ دوسرا سفید ربن اس کے لیے ہے جو شخص تمہاری زندگی میں بہت اہمیت رکھتا ہے۔ میں بھی یہ ایک ربن آپ کے لئے لایا ہوں اور دوسرا اُس کے لئے ہے جس سے آپ اپنی زندگی میں سب سے زیادہ محبت کرتے ہیں یا اہمیت دیتے ہیں۔ یہ ربن آج ہی آپ اسے دے دیں۔ مزدور کی بات سن کر مالک کو ہنسی آئی لیکن وہ سنجیدہ ہی رہا۔ اس نے مزدور کو ربن ہاتھ پر باندھنے کی اجازت دے دی۔ وہ چاہتا تھا۔ دوسرا ربن جب مزدور نے مالک کو دے دیا تو وہ سوچنے لگا ایسا کونسا انسان ہے جسے وہ سب سے زیادہ اہمیت دیتا ہے۔ یہاں تک کہ کام کا وقت ختم ہو گیا وہ واپس گھر جا رہا تھا کہ راستے میں اسے اپنے بیٹے کا خیال آیا۔ جسے اپنی بیوی کے گزر جانے کے بعد مصروف ہونے کی وجہ سے بہت کم وقت دیتا تھا جب بھی اس سے بات کرتا تو وہ یا تو نصیحت ہوتی یا پھر ڈانٹ۔ اس نے گھر داخل ہوتے ہی ربن جو اس کی کلائی پر بندھا تھا اُتار دیا اور اپنے بیٹے کے کمرے کی طرف چل دیا۔ جو بستر پر لیٹا تھا۔ پاپ نے دروازے پر دستک دے اندر آنے کی اجازت چاہی۔ لڑکے نے دروزاہ کھولا۔ اسے شدید حیرت ہوئی۔ اس کے والد صاحب نے اسے بلانے کی بجائے خود کمرے میں آنے کی زحمت کیوں کی۔ وہ سوچ ہی رہا تھا کہ اس کے پاپا نے اس کی کلائی پکڑی اور اس کی طرف دیکھ کر مزدور کی کہی ساری بات دُہرا دی ساتھ میں یہ بھی کہا کہ بہت مصروف ہونے کی وجہ سے میں نے کبھی تمہیں ٹھیک سے وقت نہیں دیا۔ مجھے افسوس ہے۔ اپنی جیب میں سے دوسرا ربن نکال کر اس نے اپنے بیٹے کو دیا اور بولا یہ ربن تم اس کی کلائی پر باندھ دینا جس کو تم سب سے زیادہ محبت کرتے ہو اور جس کی تمہاری زندگی میں سب سے زیادہ اہمیت ہے۔ لڑکا پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا۔ اس نے اپنے باپ کی کلائی پکڑی اور بولا پاپا میں یہ آپ کو ہی باندھوں گا میں سوچتا تھا کہ آپ مجھ سے بلکل پیار نہیں کرتے اور میں کچھ دنوں سے خودکشی کرنے کے بارے میں سوچ رہا تھا۔ آپ کی چھوٹی سی بات نے مجھے جینے کے لیے وجہ دے دی۔ آئی لو یو پاپا۔ مل کے مالک کی آنکھوں میں بھی آنسو آ گئے۔ اس نے اپنے بیٹے کو اپنی سینے سے لگا لیا۔ دوسرے دن جب وہ مل میں گیا تو اس نے اس مزدور کو بلایا جس نے اسے ربن دیا تھا۔ جیسے ہی مزدور کمرے میں داخل ہوا تو مالک کے چہرے پر مسکراہٹ آ گئی۔ مزدور نے مالک کے چہرے پر مسکراہٹ دیکھی تو وہ بھی مسکرا دیا۔ مالک نے اس مزدور سے پوچھا کہ تمہیں مجھے ربن دینے کی کیا سوجھی۔ مزدور نے مسکرا کر مالک کی طرف دیکھا اور بولا میں نے ایک کتاب میں پڑھا تھا۔ جب میں نے آپ کے چہرے کی سختی دیکھی تو سمجھ گیا۔ سالوں سے آپ نے کسی سے محبت کا اظہار نہیں کیا اور نہ ہی کسی نے آپ سے محبت کا اظہار کیا ہے۔ سر محبت کا اظہار انتہائی ضروری ہے۔ کبھی کبھی چھوٹا سا عمل دوسروں کی زندگی بدل دیتا ہے۔ مل کے مالک نے ہنس کر کہا یہ تو ہے۔

قائداعظم کی حاضر جوابی کا ایک دلچسپ واقعہ

(Fahad Mateen)

قائداعظم جب لندن یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کر رہے تھے تو ایک انگریز پروفیسر "پیٹرز" ان سے شدید نفرت کرتے تھے ایک دن پروفیسر ڈائننگ روم میں لنچ کر رہے تھے تو جناح بھی ٹرے لے کر اسی ٹیبل پر بیٹھ گئے پروفیسر کو اچھا نہ لگا اور اس نے جناح کو کہا" کیا آپ کو نہیں پتہ کے ایک پرندہ اور سور ساتھ بیٹھ کر نہیں کھا سکتے ؟"

جناح نے پر اطمینان لہجے میں جواب دیا کہ آپ پریشان نہ ہوں "I will fly to other table"

جناح کے اس جواب پر پروفیسر کو بہت غصہ آیا اور اس نے انتقام کا فیصلہ کر لیا، اگلے ہی دن پروفیسر نے جناح سے سوال کیا کہ اگر تم کو راستے میں دو بیگ ملیں اور ایک میں دولت اور دوسرے میں دانائی ہو تو تم کس کو اٹھاؤ گے؟ جناح نے بغیر کسی ہچکچاہٹ کے جواب دیا کہ "دولت "۔ جناح کے اس جواب پر پروفیسر نے طنزیہ مسکراہٹ کیساتھ جواب دیا کہ میں تمہاری جگہ ہوتا تو "دانائی" والے بیگ کو اٹھاتا۔ جناح نے جواب دیا کہ

"ہر انسان وہی چیز چاہتا ہے جو اس کے پاس نہیں ہوتی"۔

ہم عامل قرآن ہم صاحب ایمان
باطل کو کریں زیر یہ ہمت ہے ہماری
ہم اہل ہیں اسکے کہ کہا جائے مسلمان
پہچان زمانے میں محبت ہے ہماری

تاریخ میں اہل تجارت رہے ہیں
وہ اہل ہیں جو علم میں ممتاز رہیں ہیں
ہم اہل ہیں اور اہل حکومت ہی رہے ہیں
ہم دور میں ہر فن میں سرفراز رہیں ہیں

بیوپار میں اہل تجارت ہے وہ ہم ہیں
ہم دور میں ہم اہل شرافت ہی رہیں ہیں
اس دور میں جو اہل دیانت ہے وہ ہم ہیں
ہم دور میں اسلاف کی عزت ہی رہیں ہیں

تاریخ سے پوچھ کہ جو عزت ہے ہماری
ہر شعبہ میں اہل رہیں بس یہ دعا ہے
ہر شعبہ میں تاریخ شہادت ہے ہماری
اللہ کی رحمت سے دشوار ہی کیا ہے

تاریخ سے پوچھ کہ جو عزت ہے ہماری
ہر شعبہ میں تاریخ شہادت ہے ہماری

CS CamScanner

انسان کے مددگار حیوان

رمشاء ناز گلبرک

اکثر لوگ کبوتر کو گندہ پرندہ سمجھتے ہیں جو شہری زندگی کے لیے وبال جان رہتا ہے لیکن ایک تازہ تحقیق کے مطابق کبوتر بھی ان جانوروں کی فہرست میں شامل ہیں جن میں انسانوں کی مدد کرنے کی صلاحیتیں موجود ہیں کبوتر کا دماغ ہماری چھوٹی انگلی کی نوک سے زیادہ بڑا نہیں ہوتا مگر کبوتر کی تصویری یاداشت غیر معمولی ہے ایک حالیہ سے ثابت ہوا ہے اگر کبوتر کی تربیت کی جائے تو کبوتر بھی انسانوں کی طرح تصویروں کی مدد سے چھاتی کے سرطان کی تشخیص کر سکتے ہیں۔ تین اور جانور بھی انسانی بیماریوں کی تشخیص و علاج میں مددگار بننے کی اہلیت رکھتے ہیں۔

چوہے کا نام آتے ہی ہمارے ذہن میں چوہوں سے ہونے والی بیماریوں کا خیال آجاتا ہے نہ کہ کسی بیماری کے علاج کا۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس جانور کا دماغ اتنا تیز ہوتا ہے کہ چھوٹی سی تبدیلی کو بھی محسوس کر لیتا اور یوں انسانی جان بچانے کے کام بھی آسکتا ہے۔ چوہے کی ناک کے اندر کم و بیش ایک ہزار قسم کے ریسیپٹر اس سے چیزیں سونگھنے میں مدد دیتے ہیں انسانی ناک میں بو سونگھنے والے ریسپٹر کی تعداد صرف سو سے دو سو تک ہوتی ہے۔ اس خصوصیت کے بدولت چوہا نہایت خفیف بو بھی سونگھ لیتا ہے۔

چوہوں کی اس ہی زبردست صلاحیت وجہ سے ماہرین افریقی چوہوں کو T.B (ٹی بی) کی تشخیص کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ موزمبیق کے شہر میپٹو کی ایک یونیورسٹی ماہرین ان بڑے بڑے چوہوں کو T.B تشخیص کی صلاحیت پیدا کرنے کے لیے انسانی بلغم اور تھوک سونگھنے کی تربیت دے رہے ہیں یہ چوہے جب کسی مریض کے بلغم میں ٹی بی کو بو سونگھ میں تو رک جاتے ہیں کہ تھوک یا بلغم کے مذکورہ نمونے اپنی ٹانگیں رگڑ کہ بتاتے ہیں کہ تھوک یا بلغم کے مذکورہ نمونے میں انفیکشن موجود ہے۔ T.B کی تشخیص کا روایتی طریقہ یہ ہے کہ لیبارٹری کے ٹیکنیشن مریض کے بلغم کے نمونے شیشے کی سلائیڈز پر رکھ کر خوردبین کے نیچے ان کا تجزیہ کرتے ہیں اس معائنے میں دو دن سے زیادہ کا وقت درکار ہوتا ہے۔

جبکہ ایک تربیت یافتہ چوہا یہ کام صرف (20) بیس منٹ میں کر ڈالتا ہے چوہوں مدد سے ٹی بی کی تشخیص کا طریقہ نہایت کم خرچ ہے اور اس لیے مہنگے آلات کی ضرورت نہیں۔ اس طرح ہی مرگی کے مریضوں کے ساتھ رہنے والے کتوں نے ثابت کیا ہے کہ انہیں مریض کو دورہ پڑنے سے پہلے معلوم ہو جاتا ہے کہ ان کے مالک کو دورہ پڑنے والا ہے۔ گو ہر ماہر طب کو ابھی تک معلوم نہیں ہو سکا کہ کتوں کو مرگی کے دورے کا کیسے پتا چلتا ہے؟ خیال ہے کہ کتے دورہ پڑے وقت اپنے مالک کے جسم سے خارج ہونے والی بو یا ہلکی سی آواز کو پہنچان لیتے ہیں۔

گائے بھی ایک انسان دوست حیوان کے روپ میں نمایاں ہو چکی۔ وجہ یہ کہ اس کے لعاب ودہن اور دودھ میں ایسی پروٹینز موجود ہوتی ہے جن میں جراثیموں سے لڑنے کی خصوصیت پائی جاتی ہے اور گائے بھی اس حوالے سے دیگر جانوروں سے پیچھے نہیں۔ گائے کے تھوک میں "میوکنز" نامی لحمیات شامل ہوتی ہیں جو کسی زخم میں مزید بیکٹیریا کو داخل ہوتے سے روکتی ہیں کچھ ماہرین کا خیال ہے کہ آپ اپنا زخم کسی جانور کو نہ چاٹنے دیں کیونکہ اس طرح نئے بیکٹیریا کو داخل ہو سکتے ہیں آپ کے اپنے لعاب میں بیکٹیریا کے خلاف بڑنے کی خصوصیات پائی جاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو لیے ہر جگہ نعمت چھپا کر رکھی ہے اور انسانوں کو عقل اور جستجو اور اُمنگ دی ہے تاکہ وہ چھپی ہوئی چیزوں کو ڈھونڈ کر اپنے استعمال میں لا سکے بشرطیہ کہ انسان اس نعمتوں کو Positive استعمال کرے جو دائرہ اسلام سے باہر نہ ہو۔ جزاک اللہ

انوکھا پھل

دنیا میں بہت سے پھلوں کا ذکر ہوتا ہے جو کہ مختلف حوالوں سے انسانوں کو تقویت اور راحت بخشتے ہیں اور صبر جیسے میٹھے پھل سے بھی ہر کوئی واقف ہو گا لیکن آج میں ایک ایسے پھل کے بارے میں بتانے جا رہا ہوں جسے کھا کر انسان کبھی نہیں مر سکتا اور رہتی دنیا تک زندہ ہے۔ جس کی ایک مثال یہ ہے کسی دانا و بینا شخص نے حکمت و ہدایت کی خاطر بیان کیا کہ دنیا میں ایک عجیب و غریب "درخت" پایا جاتا ہے جو شخص اس درخت کا "پھل" ایک مرتبہ کھائے ہمیشہ جوان و توانا رہے گا اور کبھی اس پر موت طاری نہ ہو گی ایک بادشاہ نے سنا تو جی میں آیا اگر اس درخت کا پھل ملے تو کیا کہنے چنانچہ اپنے مشیروں اور وزیروں سے ذکر کیا سب نے ہاں میں ہاں ملائی کہ جہاں پناہ اگر اس درخت کا پھل کھا لیں رعیت ہمیشہ آپ کے زیر سایہ آباد اور خوش و خرم رہے گی غرض بادشاہ نے ایک ہوشیار مشیر کو اس درخت اور پھل کی تلاش میں روانہ کر دیا وہ بے چارہ مہینوں جنگل، جنگل، صحرا، صحرا مارا مارا پھرتا رہا لیکن گوہر مقصود ہاتھ نہ آیا جس کسی سے ایسے درخت اور پھل کا پتہ پوچھتا، وہ ہنسی اڑاتا کہ میاں! سودائی ہوئے ہو کیا بھلا ایسا درخت اور پھل بھی ہوتا ہے کیا؟ کسی نے اچھا مشورہ دیا کہ میاں کیوں در بدر خاک بسر ہوتے پھر رہے ہو؟ ٹھنڈے ٹھنڈے جدھر سے آئے ہو، ادھر کو لوٹ جاؤ۔۔!

وہ شخص اس طرح کی نت نئی باتیں سنتا اور اپنی ہنسی اڑاتا رہا لیکن تھا دھن کا پکا ارادے میں خم نہ آنے دیا اور برابر کوہ دشت کی خاک چھانتے گیا جب ایک برس بیت گیا اس علاقے کے گوشے گوشے، چپے چپے میں پھر چکا اور بقائے دوام کے شجر کا کہیں نشان نہ ملا تب مایوس ہو کر اپنے وطن واپس لوٹنے لگا اس قدر محنت اور تکلیف اکارت جانے سے رنج و غم کی کوئی انتہا نہ تھی بدقسمتی پر آنسو بہاتا اور یہ سوچتا جا رہا تھا کہ بادشاہ کو کیا منہ دکھائے گا کہ یکا یک معلوم ہوا کہ اس علاقے میں ایک آدمی رہائش پذیر ہے جو ولی اللہ اور قطب وقت مشہور ہے اس شیخ عالی مرتبت کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی مشکل بیان کروں تو ممکن ہے مایوسی راحت میں بدل جائے چنانچہ یہ سوچ کر وہ چشم پرنم سے شیخ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اسکی نورانی صورت دیکھتے ہی اپنے آپ پر اختیار نہ رہا ضبط کا دامن ہاتھ سے نکل گیا اور روتا ہوا اسکے قدموں میں جا گرا اس قدر آنسوں بہائے کہ شیخ کے پاؤں بھگوئے دیئے شیخ نے اٹھا کر شفقت سے گلے لگایا اور پوچھا کیا بات ہے؟ اس قدر آشفتہ سری اور کا سبب کیا ہے؟ تفصیل سے بیان کر و اس نے عرض کیا حضرت! کیا کہوں جس کام کیلئے ایک برس پہلے وطن نکلا تھا وہ کام نہیں ہوا اب سوچتا ہوں واپس جا کر بادشاہ کو کیا جواب دوں گا اسکے عتاب کا نشانہ بننے کے سوا کوئی چارہ نہیں آپ میرے حق میں اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں کہ وہ مجھ پر رحم کریں بادشاہ کے حکم سے بقائے دوام کے شجر کی تلاش میں یہاں آیا تھا کہتے ہیں اس درخت کا پھل کوئی کھا لے تو حیاتِ جاوداں مل جاتی ہے میں نے اس کی جستجو میں اس ملک کا چپہ چپہ چھان مارا، مگر ناکامی اور مایوسی کے سوا کچھ ہاتھ نہ آیا، مہربانی فرما کر میری مشکل سہل فرمائیں۔ یہ سن کر شیخ ہنس پڑا۔ پھر ارشاد فرمایا" سبحان اللہ! بھائی تو بھی سادہ لوح کی حد قائم کر دی ہے۔ ارے اتنا وقت خوامخواہ ضائع کیا پہلے ہی میرے پاس چلا آتا اور معلوم کر لیتا۔ اب گوش ہوش سے سن کہ وہ شجر " کتاب " ہے اور اس سے حاصل ہونے والا پھل "علم " ہے۔ تو اور تیرا بادشاہ جہالت کی وجہ سے ظاہری پھل اور درخت کا دھوکہ کھا گئے جبکہ یہ درخت اور پھل تو باطنی ہیں۔

اس واقعہ کہ علاوہ بھی دنیا میں ایسا بے شمار مثالیں موجود ہیں جن سے علم کی اہمیت کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کتاب جیسا" درخت "اور " علم " جیسا پھل انشاء اللہ کبھی انسان کو مرنے نہیں دے گا اور ہمیشہ توانا رکھے گا اگر چہ انسان ظاہری طور پر اس دنیا سے کوچ کر جانے لیکن اس کی کہی ہوئی باتیں،

پھل انشاء اللہ کبھی انسان کو مرنے نہیں دے گا اور ہمیشہ تو انا رکھے گا اگر چہ انسان ظاہری طور پر اس دنیا سے کوچ کر جانے لیکن اس کی کہی ہوئی باتیں، لکھی گئی کتابیں اور دیئے گئے لیکچر اسے ہمیشہ لوگوں کے دلوں میں زندہ رکھیں گے۔ اور لوگ مرنے کے بعد بھی اس کی جلائی ہوئی شمع ہدایت سے فیض یاب ہونگے۔ علم ایک روشنی کو حاصل کرنے کیلیئے انسان کو دن رات تگ و دو کرنی چاہیے۔

فہد متین

لفظ اور قلم

محمد عباد

علم انسان اور اس کے اردگرد فطری و معاشرتی حالات کے درمیاں ادرا کی تعلق کا نام ہے، لفظ انسانی زات میں شعور، اور احساس کی آواز ہے، اور قلم اس صداقت کی تخلیق کا موجب۔ زبان حرکت کرے یا قلم الفاظ تو جنم لیتے ہیں، بے معنی الفاظ بامعنی جملوں میں بدلتے جاتے ہیں۔ ان میں جان پڑتی جاتی ہے۔ اور پھر یہ الفاظ اپنا مدعا خود بیان کرنے لگتے ہیں۔ تحریر کے آغاز سے جب انسان نے لاشعور سے نکل کر شعور کی دنیا میں قدم رکھا اور قلم کی نوک سے لوگوں کے مضطرف ذہنوں میں حروف کو انڈیلنا شروع کیا تو دانش خرد کی ایسی راہیں متعین ہونا شروع ہوئیں کہ فہم و فراست کے انمول موتی ہر سو بکھرتے دکھائی دیئے۔ تاریخ کے آئینے میں دیکھا جائے تو یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ قلم نے ہر دور میں انسان کی نہ صرف رہنمائی فرمائیں بلکہ ایک حقیقی انسان دوست ہونے کا کردار بھی ادا کیا ہے، یہی وجہ ہے کہ دنیا کے ہر باشعور انسان نے اپنے مقصد اور منزل کو پانے کے لیے قلم سے ہی رہنمائی حاصل کی، منتشر ذہنوں میں یکسوئی قائم کرنے کی بات ہو یا دل فریفتہ میں محبت کی شمع روشن کرنے کی غرض ہو انسان نے ہمیشہ سے اپنی رہنمائی کا ذریعہ اور کامیابی کا ذینہ قلم کے سہارے اپنے وجود کو قائم رکھے ہوئے ہیں، یہی وجہ ہے کہ آج سوشل ویب سائٹس پر جس قدر لکھا جار ہا ہے پڑھا جار ہا ہے۔ معاشرے میں علم و آگہی کی کونپلیں اسی رفتار سے پھیلتی دکھائی دیتی ہیں قاری اور لکھاری کے درمیان فاصلے سمٹتے جار ہے ہیں جبکہ قاری اور لکھاری کے درمیان باہمی تعلقات پر مبنی ایک قسم کا رشتہ قائم ہونے لگا ہے جو کہ مکالمے کے فروغ میں کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ ہوں تو قلم محض ایک تین حرفی لفظ ہے لیکن اس میں بے پناہ طاقت پوشیدہ ہے، دنیا نے جتنی ترقی کی ہے وہ سب قلم کی موہون منت ہے۔ اگر قلم کا تصور نہ ہوتا تو دنیا تمام علوم سے بے بہرہ رہتی۔ قلم کی سیاہی لفظوں کو روشنی بخشتی اور ایک بے معنی کورے کاغذ کا اہم ترین دستاویز بنا دیتی ہے۔

یہی الفاظ جب کسی شاعر کی زبان سے ادا ہوتے ہیں تو نظمیں اور غزلیں وجود پاتی ہیں۔ جب ادیب کی قلم سے ادا ہوتے ہیں تو افسانے، ناول اور کتابیں بن جاتے ہیں۔ جب موسیقی کی صورت ادا ہوتے ہیں تو انسان کو جھومنے پر مجبور کرتے ہیں اور روح کی غذا کہلاتے ہیں۔ جب عالم دین کی زبان سے ادا ہوتے ہیں۔ تو دین کی بھلائی، لوگوں کو سیدھی راہ پر لانے کا سبب بنتے ہیں۔ عالم کے الفاظ روشنی کی مانند مشعل راہ ہوتے ہیں۔ اور اس

روشنی میں عوام اپنی زندگی گزارنے کے اصول متعین کرتے ہیں۔اس طرح عالم دین پر ذمہ داری بھی زیادہ عائد ہوتی ہے کیونکہ وہ تمام قوم کو راہ دکھا بھی سکتا ہے اور راہ سے بھٹکا بھی سکتا ہے۔عموماً عوام علماء کی بات پر تحقیق نہیں کرتے بلکہ صرف تقلید کرتے ہیں۔الفاظ کی اہمیت ان ادا کرنے والے سے منسلک ہے۔ جب کوئی عام شخص کچھ کہتا ہے تو اس کے اثرات اسی کے حلقہ احباب تک محدود رہتا ہے جبکہ کسی بھی ملک کے سربراہ کا ادا کردہ ایک جملہ بھی ملک کی تقدیر کے فیصلے کر دیتا ہے۔الفاظ کے مرتب ہونے والے اثرات کا تعلق بولنے والے کے مقام پر ہے۔گویا جس قدر جس کا مقام و مرتبہ جتنا اہم ہوگا اسی قدر اس کے الفاظ کی اہمیت اور ذمہ داری زیادہ ہوتی ہے۔یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ الفاظ اللہ کے قریب لے کر گئے تو انسان کو مومن بنا دیا۔اور اللہ سے دور لے کر گئے تو فرعون و نمرود بنا دیا۔اگر ان کا استعمال درست انداز میں کیا جائے تو یہ عزت و توقیر میں اضافہ کا سبب بنتے ہیں،سخت اور تلخ ہوں تو غرور کا شائبہ دیتے ہیں۔

گالی کی صورت میں ادا ہوں تو گناہ کہلاتے ہیں اور اگر تیمارداری کی صورت میں ادا ہوں تو نیکی بن جاتے ہیں۔نرم گوئی سے کہے گئے الفاظ آپ کو کسی کے دل میں اعلیٰ مقام دے سکتے ہیں جبکہ ترش گوئی آپ کو اپنے مقام سے کہیں نیچے گرا سکتی ہے۔

یہ الفاظ ہی ہیں ہر رشتے کو ایک ان دیکھی زنجیر میں باندھے رکھتے ہیں،رشتوں کو مضبوطی سے جوڑے رکھتے ہیں اور یہی الفاظ دو انسانوں اور بسا اوقات تہذیبوں کے درمیان دوری کی ایک خلیج بنا دیتے ہیں۔بظاہر الفاظ کی ادائیگی کا انداز ان کی اہمیت کی ذمہ دار ہوتا ہے۔جس انداز میں ادا کیا بیاں کے محتاج یہ الفاظ جب صفحہ قرطاس پر بکھرتے ہیں تو ان گنت کہانیوں کو جنم دیتے ہیں تاریخ کہلاتے ہیں یا ادب کے عظیم شاہکار کہیں پر چند الفاظ صدیوں کے فاصلے مٹا دیتے ہیں اور کہیں کچھ الفاظ فاصلے اتنے بڑھا دیتے ہیں کہ عمر سفر میں گزر جاتی ہے اور فاصلے طے نہیں ہو پاتے۔

سائنس نے ثابت کیا ہے کہ آواز کی لہریں،پانی،اور تقریباً تمام اجسام سے باآسانی گزر سکتی ہیں۔گو آواز کی یہ لہریں روشنی کی نسبت آہستہ سفر کرتی ہیں۔گویا الفاظ ضائع نہیں ہوتے بلکہ یہ سنبھال لیے جاتے ہیں،اور یہ الفاظ ہمارے اعمال بن جاتے ہیں بلکہ یوں کہیے ہم اپنے ہی الفاظ کا بوجھ اٹھاتے ہیں اور ان کے لیئے ہمیں جوابدہ بھی ہوتا ہے۔حدیث نبوی ہے کہ مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے۔ اس لیے ہمیں چاہیے کہ الفاظ کا استعمال اچھے طریقے سے کریں۔

انسانی تصوراتی دنیا میں لفظ اور قلم کا معجزہ ہی ہے،یہ انسانی نظریاتی و فکری دنیا میں ارتقا و ترقی کا باعث ہے۔

شعورزات سے نمود روح تک لفظ کی کرامات ہے۔قلم کے معجزے ہے

CamScanner

THE SECRETS TO ATTAINING PATIENCE

Since Childhood, in every bad situation, all we heard from elders and loved ones was have patience It's Like on automatic reflex to say this as soon as we hear something not so Pleasant, But do we really know what Patience really is? Why Patience is so important in Islam. Why has Allah mentioned it again and again in the Holy Quran?

ALLAH says in the Holy Quran:

" O You who belive, seek help in patience and As-salat (the prayer). Truly, Allah is with As-Sabirin (the Patience ones)" (Al-Baqarah: 153)

Being Patience is not easy, but once you attain it ,all your problems start fading away. when we know he won't leave us alone.

Patience is not only tawakkal, it's also not losing hope. It's being like a young plant that Stands firmly even when the wind is out rageous.

ALLAH loves Patience. He Knows it's hand for It's Slaves. And that's why he makes it easy but only for those strong hearted slaves of his who make an effort, who trust him and his decisions and who have hope instilled in their hearts with Patience also comes peace and tranquility. When a beliver attams patience, his heart also becomes peaceful, anxiety and depression vanish.

CamScanner

کامیاب زندگی گزارنے کے گُر

بہت سے مفکرین اور فلاسفروں نے زندگی کو کامیاب ترین انداز میں گزارنے کے اصول اور گُر بیان کیئے۔ ان میں کسی نے اپنے خطے اور ماحول کو مدنظر رکھا، کسی نے اپنے مذہب کو، جبکہ کسی نے اپنی تہذیب، ثقافت اور روایات کی پیروی کرتے ہوئے زندگی کے اُصول بیان کیئے، لیکن سوال یہ ہے کہ "زندگی ہمیشہ کامیاب گزاری بھی جاسکتی ہے کہ نہیں؟
اس سلسلے میں بعض مفکرین اور ماہر عمرانیات کے نظریات یہ ہیں کہ انسان فطری طور پر خوشی اور امن کا خواہاں تو ہے لیکن اسکے لیئے مناسب منصوبہ بندی اور رنگ و رو سے کتراتا ہے، کاہلی اور سستی کا شکار ہوجاتا ہے۔ بہرحال مذاہب کے حوالے سے بات تو صرف اسلام ہی ایک ایسا عالمگیر مذہب ہے جس میں کامیاب زندگی کے مکمل اُصول بیان کیئے گئے ہیں۔
چند اہم اصول اور گُر بیان کیئے جارہے ہیں جس پر عمل پیرا ہوکر زندگی کو کامیاب طریقے سے بسر کیا جاسکتا ہے۔

*زندگی اسلام کے سنہری اُصولوں کے مطابق گزارنے سے سیاسی، معاشرتی، سماجی، معاشی اور اخلاقی مسائل پیدا نہیں ہوتے اور ان مسائل کا حل بھی اسلام کے بغیر کسی مذہب میں مکمل طور پر بیان نہیں کیا گیا۔
*ہر انسان بچپن میں اخلاقی عادات سے بہت کچھ سیکھتا ہے اور یہی اسکی کامیاب زندگی کی ضمانت ثابت ہوتی ہیں۔ اس لئے والدین کو چاہیئے کہ اپنے بچوں کی تربیت اچھے اُصولوں پر کریں اور ان کی حوصلہ افزائی کرتے رہیں تاکہ زندگی میں آگے بڑھنے کی جراءت اور ہمت پیدا ہوسکے۔
*ہماری نوجوان نسل ہی کامیاب معاشرے کے ضامن ہے اس لیئے ان کی زندگیاں اخلاق اور مذہب کی بنیادوں پر اس طرح استوار کریں کہ انکو زندگی میں تمام مسائل پر دسترس حاصل ہوسکے۔
* کامیاب زندگی کیلئے دیگر مفکرین نے وقت کی قدر و منزلت پر بہت زور دیا ہے جو قومیں وقت کی قدر کرنا جانتی ہیں وہی قومیں پوری دنیا پر حکومت کرتی ہیں اس لیئے کامیاب زندگی کا راز وقت کی قدر کرنا ہے۔ ازل سے وقت انسان کیلئے ایک چیلنج رہا ہے اگر وقت کو مدنظر رکھتے ہوئے زندگی کے مقاصد کی جستجو کی جائے تو ضرور بر آور ہوتی ہے۔
*زندگی میں ایک مقصد کیلئے اور سمت کے تعین کے بعد اپنی مکمل تگ و دو صرف کردینی چاہیئے۔ چاہے کتنی ہی ناکامیاں ہوں لیکن استقامت اور ثابت قدمی سے اپنے مقصد کی تکمیل کیلئے کوشش جاری رکھی جائے۔
*ان تمام کاوشوں سے نہ صرف منزل مقصود تک رسائی حاصل ہوتی ہے بلکہ انسان میں خود اعتمادی اور شخصیت میں نکھار پیدا ہوتا ہے۔ مسائل کو حل کرنے اور کامیاب زندگی گزارنے کی لگن پیدا ہوتی ہے۔
*اگر آپ مسلسل کاوشوں اور جدوجہد کے بعد زندگی میں کامیابی حاصل نہین کرپار ہے تو اپنے رویے پر نظر ثانی کریں اور کسی دوسرے طریقے سے حالات کو ہینڈل کرنے کی کوشش کریں۔
اس طرح ایک تو آپ کو منفرد انداز سے بوریت اور ذہنی تھکان سے نجات حاصل ہوگی، دوسرے نئے طریقے سے کامیاب زندگی کی نئی راہیں کھلیں گی۔
*المختصر زندگی کو ایک فلم یا موویٰ سے تشبیہ دی جاسکتی ہے جسکا سکرپٹ، کہانی، ڈائریکشن (Direction) اور اداکاری جیسے تمام کام خود کو کرنے ہوتے ہین اور اس کے نتائج پر تنقید اور تعریف بھی خود کرنا ہوتی ہے یعنی اسکی کامیابی کی جانچ خود کو کرنی پڑتی ہے
اس لیئے جتنی لگن اور محبت سے آپ اپنی زندگی کا سکرپٹ تحریر کریں گے اسی قدر مثبت نتائج حاصل ہوں گے۔

آفرین شعیب
بلاک H نارتھ ناظم آباد

CS CamScanner

انسان کے نام

کون کہتا ہے کہ آج انسان اشرف المخلوق ہے
جس کے ہاتھوں میں فقط بارود ہے بندوق ہے
گرم کر رکھا ہے اُس نے ظلم کا بازار کیوں
تیز کر رکھی ہے اُس نے جبر کی تلوار کیوں
خود ہی انسان کاٹتا ہے گردنیں انسان کی
اُس نے اپنائی ہیں ساری خصلتیں شیطان کی
اس کے جبر وظلم ہر شیطان بھی حیران ہے
اشرف المخلوق تھا، کیا وہ دینی انسان ہے
اسکوا حرکتوں پہ شرم تک آتی نہیں
اس کے اندر کی خباثت کیوں نکل جاتی نہیں
اس کو انسان، کہلوانے کا کوئی بھی حق نہیں
یہ درندہ ہے ذرا سا بھی کسی کو شک نہیں
اس کے منہ پر لگ چکا ہے معصوم انسانوں کا خون
اس کے ہاتھوں پر لگا ہے قیمتی جانوں کا خون
چہرہ انسانیت پر داغ ہے اس نام سے
یا الٰہی اشرف المخلوق بندے ہیں کہاں
کھا گئی ان کو زمین یا کھا گیا ہے آسمان
ظالموں کے ظلم سے انسانیت ہے بدگمان
کب سزا دے گا انہیں تو مالک دو جہاں
اشرف المخلوقات ان کو پھر بنا دے میرے رب
اور دنیا بھر کے انسان ایک ہوں پھر سب کے سب

آفرین شعیب
بلاک H نارتھ ناظم آباد

CamScanner

تَقَبَّلَ للّٰہُ مِنَّا وَمِنْکُمْ

عید مبارک

اَسَّلامُ عَلَیکُم وَرَحمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکاتُہ‘

"یوم العید" کو"یوم الجائزہ " بھی کہتے ہیں۔اور جائزہ عربی زبان میں انعام دینے کوکہا جاتا ہے یا انعام حاصل کرنے کو کہتے ہیں۔
اردو زبان میں بھی جائزہ کالفظ استعمال ہوا ہے جس کے معنی تجزیہ کرنا اپنے سابقہ عمل کا تو ہم دیکھتے ہیں کہ عید کا دن دو چیزوں کی طرف ہماری توجہ دلاتا ہے۔

پہلی چیز تو یہ ہے کہ ہم واقعی اپنا جائزہ لیں جب رمضان آیا تھا تو بحثیت ایک مسلمان کے ہمارے دلوں میں بہت سے نیک ارادے اور نیتیں امنڈ رہیں تھیں کیا ہم نے ان کو پورا کیا؟ جو جائز تھیں۔

- مثام کے طور پر قرآن مجید کا تکمیل کرنا
- قرآن مجید کی تلاوت
- قرآن مجید کو سمجھنا اِس کے ترجمہ یا تفصیر کا مطالعہ کرنا

اِس طرح یہ خواہش بھی ہوئی کہ ہم ان شاء اللہ رمضان المبارک میں اپنی اصلاح بھی کریں گے۔اور اسی طرح ہم اصلاح کے ساتھ اپنے مسلمان بھائیوں کے لیے بھی کچھ بہتر سوچیں گے یہ سب چیزیں ایسی ہیں جو ہمیں مجبور کرتی ہیں کہ عید کے روز ہم جائزہ لیں کیا واقعتاً ہم ویسے بن سکے یا نہیں؟
کیا ہم نے وہی کام کیے جو رمضان کی آمد سے ہمارے دلوں میں اچھی تمنا کے طور پر امنڈ امنڈ کر آرہے تھے؟
سوچنے کی بات ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہم سب اپنا جائزہ لیں اپنی اصلاح کریں
اور اپنے آپ کو اِس عمل میں ڈھالیں جس میں رب کی رضا ہو تب ہی جا کہ "یوم العید" کا یہ دن،انعام کا دن بن سکتا ہے۔
اللہ کرے ہم اِس دن کے انعام سے اپنے آپ کو سرفراز کر سکیں۔

(آمین)

آمنہ سراج
بلاک D حیدری

ہم مسلمان کیوں ہے؟؟؟

اسلام وعلیکم!

میں بڑے درد ول کے ساتھ آپ سب سے ایک بات پوچھنا چاہتی ہوں کہ ہم مسلمان کیوں ہے؟؟

اور ہم اپنے مسلمان ہونے پر کیوں فخر کرتے ہیں؟

"صرف اس لیئے کہ ہم آخری بنی کی امت ہیں حالانکہ حضورﷺ نے اپنی بیٹی سے فرمایا کہ اے فاطمہ کہیں یہ نہ سمجھ لینا کہ میں محمدﷺ کی بیٹی ہوں تو اللہ تعالیٰ مجھے بخش دے گا اگر تم بخشی جاؤ گی تو اپنے اعمال کی وجہ سے"

تو کیا ہمارا آنحضرتﷺ سے رشتہ ان کی بیٹی سے بھی زیادہ ہے؟ ٹھیک ہے کہ حضورﷺ اپنی امت کیلئے تڑپ رہے ہیں اور آخری وقت میں بھی بھلائی کیلئے دعا کرتے رہیں لیکن ہمیں سوچنا چاہیے کہ ہم کیا کر رہے ہیں ہم میں سے کوئی شخص خدانخواستہ کوئی بُرا کام کرتا ہے فرض کریں کہ کوئی چوری کرتا ہے یا قتل کرتا ہے یا کوئی اور گناہ کرتا ہے تو اس کی سفارش کوئی MNA تو کردے گا لیکن شریف آدمی نہیں دے گا۔

"اگر کوئی انسان آج کی اس اکیسویں صدی میں دین اسلام پر چلنے کا ارادہ رکھتا ہے تو اس کے لیے بہترین راستہ یہ ہے کہ وہ چھوٹے چھوٹے انمول عمل کریں"

کہیں یہ نہ ہو کہ ہمارا آخری وقت آجائے اور ہم یہ دیکھ رہے ہوں کہ اب کیا کیا جائے؟ ہم نے جو کچھ بھی کرنا ہے اپنی اس حیات میں ہی کرنا ہے۔اور یہ زندگی جو ہمیں آج بڑی لمبی دیکھائی دے رہی ہے یہ چند گھڑیوں کی بات ہے۔

چند گھڑیوں کے بعد ہم نے بستر مرگ پر پڑے ہونا ہے اور مسجد میں ہمارے نام کا اعلان ہو رہا ہونا ہے اس دن کی حسرتوں کا اگر ذرا سا اندازہ ہمیں آج ہو جائے تو ہم سارا سارا دن عبادت میں گزار دیں۔

اب تو یہ حال ہے کہ ہم Urdu Pages پر اپنی پوسٹ کی Replies دیکھنے کیلئے بیتاب ہوتے ہیں لیکن اگر ہم جان جائیں کہ موت کے بعد کیا ہونا ہے تو ہم کچھ اعمال صالح کمانے کی طرف دھیان دیں گے آخر ایک نہ ایک دن تو ہم نے مرنا ہی ہے تو پھر ہم کس دن کا انتظار کر رہے ہیں

"آج سے ہی ہم اپنے اپنے ساتھ عہد کرے کہ ہم آج سے چھوٹے چھوٹے عمل کریں اور عہد کریں کہ ہم حتی الوسع کوشش کریں گے کہ کچھ اعمال صالح کما لیں تاکہ حضورﷺ کی شفاعت کے حقدار بن سکیں کہیں یہ نہ ہو کہ ہمارا اعمال نامہ دیکھ کر ہمارے آقاﷺ بھی ہم سے منہ موڑ لیں"

میں یہ نہیں کہہ رہی کہ حضورﷺ ہمارے لیے سفارش نہیں کریں گے بلکہ یہ کہہ رہی ہوں کہ اگر ہم کسی میٹرک پاس کیلئے Bank Manager کی پوسٹ کا تصور نہیں کر سکتے تو پھر ہمیں یہ بھی سوچنا چاہیے کہ جس اعمال نامے میں نمازیں ہی نہ ہوں گی اس کیلئے حضورﷺ کس منہ سے سفارش کریں گے۔

"اللہ مجھ کو بھی اور آپ سب کو بھی انمول عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔

"آمین"

جویریہ بنتِ محمد زکی

(پی۔آئی۔بی)

CamScanner